Globethics Repository



Al-Safa fi al-Tawassul wa al-Tabarruk bi al-Mustafa 5 (Part 5)

This page was generated automatically upon download from the Globethics Repository. More information on Globethics see https://www.globethics.net. Data and content policy of Globethics Repository see https://repository.globethics.net/pages/policy.

Item Type	Book
Authors	Al-Qodiri, Muhammad Thohir
Publisher	Manshurat Minhaj al-Quran
Rights	With permission of the license/copyright holder
Download date	2026-11-06 09:05:50
Link to Item	http://hdl.handle.net/20.500.12424/184971

بَابٌ فِي التَّبَرُّكِ بِشَعَرِهِ ﷺ

﴿حضور ﷺ کے موئے مبارکہ سے حصولِ برکت﴾

١/٢٢٧. عَنْ أَنَسٍ رضي الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ لَمَّا حَلَقَ رَأْسَهُ كَانَ أَبُوْ طَلْحَةَ أَوَّلَ مَنْ أَخَذَ مِنْ شَعَرِهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ (عمرہ ادا فرمانے کے بعد) جب حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنا سر اقدس منڈوایا تو حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ سب سے پہلے شخص تھے جنہیں (بطور تبرک) آپ ﷺ کے موئے مبارک حاصل کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔'' اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٢/٢٢٨. عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَوْهَبٍ رضي الله عنه قَالَ: أَرْسَلَنِي أَهْلِي إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ بِقَدَحٍ مِنْ مَاءٍ وَقَبَضَ إِسْرَائِيْلُ ثَلَاثَ أَصَابِعَ مِنْ قُصَّةٍ فِيْهِ شَعَرٌ مِنْ شَعَرِ النَّبِيِّ ﷺ وَكَانَ إِذَا

١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الوضوء، باب: الماء الذي يغسل به شعر الإنسان، ١/٧٥، الرقم: ١٦٩، والعيني في عمدة القاري، ٣/٣٧، الرقم: ١٧١، ١٠/٦٣، الرقم: ٦٢٧١۔

٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: اللباس، باب: ما يذكر في الشيب، ٥/٢٢١٠، الرقم: ٥٥٥٧، والعسقلاني في فتح الباري، ١٠/٣٥٣، الرقم: ٥٥٥٧، والعيني في عمدة القاري، ٢٢/٤٨، الرقم: ٥٨٩٦، والشوكاني في نيل الأوطار، ١/٦٩، ٨٢، والمباركفوري في تحفة الأحوذي، ٥/٥١٠۔

أَصَابَ الْإِنْسَانَ عَيْنٌ أَوْ شَيءٌ بَعَثَ إِلَيْهَا مِخْضَبَهُ فَاطَّلَعْتُ فِي الْجُلْجُلِ فَرَأَيْتُ شَعَرَاتٍ حُمْرًا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’حضرت عثمان بن عبد اللہ بن موہب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرے گھر والوں نے مجھے ایک پیالے میں پانی دے کر حضور نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا۔ (راوی) حضرت اسرائیل نے اپنی تین انگلیاں بند کر کے اس پیالی کی طرح بنائیں جس کے اندر حضور نبی اکرم ﷺ کا موئے مبارک ڈالا گیا تھا (اور بیان کیا کہ) چنانچہ جب کسی آدمی کو نظر لگ جاتی یا اور کوئی تکلیف ہوتی تو اُمّ المؤمنین حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی طرف ایک برتن میں پانی بھیج دیا جاتا۔ (تو وہ اس میں آپ ﷺ کا وہ موئے مبارک ڈال دیتیں اور بیمار شخص کو وہ پانی پینے سے فوراً شفاء ہوجاتی) پس میں نے اس بوتل میں جھانک کر دیکھا تو میں نے (آپ ﷺ کے) چند سرخ موئے مبارک کی زیارت کی سعادت حاصل کی۔‘‘

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٣/٢٢٩. عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَوْهَبٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: دَخَلْتُ

٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: اللباس، باب: ما يذكر في الشيب، ٥/٢٢١٠، الرقم: ٥٥٥٨، وابن ماجه في السنن، كتاب: اللباس، باب: الخضاب بالحناء، ٢/١١٩٦، الرقم: ٣٦٢٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٢٩٦، ٣١٩، الرقم: ٢٦٥٨١، ٢٦٧٥٦، وابن أبي شيبة في المصنف، ٥/١٨٢، الرقم: ٢٥٠٠٩، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٩/٣١، والبيهقي في السنن الكبرى، ٧/٣١٠، الرقم: ١٤٥٩٤، وفي شعب الإيمان، ٥/٢١٢، الرقم: ٦٤٠٠، والنميري في أخبار المدينة، ١/٣٢٦، الرقم: ٩٩٤، والعيني في عمدة القاري، ٢٢/٤٩، الرقم: ٥٨٩٧۔

عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها فَأَخْرَجَتْ إِلَيْنَا شَعَرًا مِنْ شَعَرِ النَّبِيِّ ﷺ مَخْضُوْبًا. وفي رواية عنه: أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ رضي الله عنها أَرَتْهُ شَعَرَ النَّبِيِّ ﷺ أَحْمَرَ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَأَحْمَدُ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

’’حضرت عثمان بن عبد اللہ بن موہب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ (ہمیں زیارت کروانے کے لئے) ہمارے پاس حضور نبی اکرم ﷺ کا ایک خضاب لگا موئے مبارک لے کر آئیں۔ اور ایک روایت میں انہی سے مروی ہے کہ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے انہیں حضور نبی اکرم ﷺ کا وہ سرخ موئے مبارک دکھایا (جو ان کے پاس بطور تبرک محفوظ تھا)۔‘‘

اس حدیث کو امام بخاری، ابن ماجہ، احمد اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٢٣٠/٤. عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ: قُلْتُ لِعُبَيْدَةَ: عِنْدَنَا مِنْ شَعَرِ النَّبِيِّ ﷺ، أَصَبْنَاهُ مِنْ قِبَلِ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ، أَوْ مِنْ قِبَلِ أَهْلِ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ، فَقَالَ: لَأَنْ تَكُوْنَ عِنْدِي شَعَرَةٌ مِنْهُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

’’امام ابن سیرین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب میں نے حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ کو بتایا: ہمارے پاس حضور نبی اکرم ﷺ کے کچھ موئے مبارک ہیں جنہیں ہم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یا حضرت انس رضی اللہ عنہ کے گھر والوں سے حاصل کیا ہے۔ حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ان میں سے ایک موئے مبارک بھی میرے پاس ہوتا تو وہ مجھے دنیا اور جو کچھ اس دنیا میں ہے ان سب سے کہیں زیادہ محبوب ہوتا۔‘‘

٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الوضوء، باب: الماء الذي يغسل به شعر الإنسان وكان عطاء لا يرى، ١/٧٥، الرقم: ١٦٨، والبيهقي في السنن الكبرى، ٧/٦٧، الرقم: ١٣١٨٨۔

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٢٣١/٥. عَنْ أَنَسٍ رضی الله عنه قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ، وَالْحَلَّاقُ يَحْلِقُهُ وَأَطَافَ بِهِ أَصْحَابُهُ، فَمَا يُرِيْدُوْنَ أَنْ تَقَعَ شَعْرَةٌ إِلَّا فِي يَدِ رَجُلٍ. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے دیکھا کہ حجام آپ ﷺ کے سر مبارک کی حجامت بنا رہا تھا اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کے ارد گرد (پروانوں کی طرح دیوانہ وار) گھوم رہے تھے اور ان (میں سے ہر ایک) کی یہ کوشش تھی کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا کوئی ایک بال مبارک بھی زمین پر گرنے نہ پائے بلکہ ان میں سے کسی نہ کسی کے ہاتھ میں آ جائے۔‘‘

اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٢٣٢/٦. عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ زَيْدٍ رضی الله عنه أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ شَهِدَ النَّبِيَّ ﷺ عَلَى الْمَنْحَرِ وَرَجُلًا مِنْ قُرَيْشٍ وَهُوَ يَقْسِمُ أَضَاحِيَّ

٥: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: الفضائل، باب: قرب النبي ﷺ من الناس وتبركهم به، ٤/١٨١٢، الرقم: ٢٣٢٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/١٣٣، ١٣٧، الرقم: ١٢٤٢٣، وعبد بن حميد في المسند، ١/٣٨٠، الرقم: ١٢٧٣۔

٦: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٤/٤٢، الرقم: ١٦٥٢١۔ ١٦٥٢٢، وابن خزيمة في الصحيح، ٤/٣٠٠، الرقم: ٢٩٣١، والبخاري في التاريخ الكبير، ٥/١٢، الرقم: ١٩، والحاكم في المستدرك، ١/٦٤٨، الرقم: ١٧٤٤، والبيهقي في السنن الكبرى، ١/٢٥، الرقم: ٩١، وفي شعب الإيمان، ٢/٢٠٢، الرقم: ١٥٣٥، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ٩/٣٨٤۔ ٣٨٥، الرقم: ٣٥٣۔ ٣٥٥، والنميري في أخبار المدينة، ــ

فَلَمْ يُصِبْهُ مِنْهَا شَيءٌ وَلاَ صَاحِبَهُ، فَحَلَقَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ رَأْسَهُ فِي ثَوْبِهِ، فَأَعْطَاهُ فَقَسَمَ مِنْهُ عَلَى رِجَالٍ وَقَلَّمَ أَظْفَارَهُ فَأَعْطَاهُ صَاحِبَهُ قَالَ: فَإِنَّهُ لَعِنْدَنَا مَخْضُوْبٌ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ يَعْنِي شَعْرَهُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ خُزَيْمَةَ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْكَبِيْرِ وَالْحَاكِمُ وَالْبَيْهَقِيُّ، وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ.

''حضرت محمد بن عبد اللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے والد (حضرت عبد اللہ بن زید رضی اللہ عنہ) بیان کرتے ہیں کہ وہ قربان گاہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس حاضر تھے اور قریش میں سے ایک آدمی قربانیوں کو تقسیم کر رہا تھا تو انہیں اور ان کے ساتھی کو کوئی چیز نہ ملی۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے ایک کپڑے میں اپنے موئے مبارک منڈوائے اور انہیں عطا فرمائے۔ انہوں نے کچھ موئے مبارک لوگوں کو (تحفۃً دے دیئے اور باقی اپنے پاس سنبھال لئے)۔ راوی کہتے ہیں: ہمارے پاس آپ ﷺ کے وہ ناخن مبارک اور موئے مبارک آج بھی محفوظ ہیں۔''

اس حدیث کو امام احمد، ابن خزیمہ اور بخاری نے ''التاریخ الکبیر'' میں اور حاکم و بیہقی نے روایت کیا ہے۔ امام حاکم نے فرمایا کہ یہ حدیث بخاری و مسلم کی شرائط پر صحیح ہے۔

٧/٢٣٣. عَنْ مُحَمَّدٍ يَعْنِي ابْنَ سِيْرِيْنَ عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: لَمَّا

..... ١/٣٢٦، الرقم: ٩٩٣، والشوكاني في نيل الأوطار، ١/٦٩، وقال: أحاديث الباب يشهد بعضها لبعض۔

٧: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٣/٢٥٦، الرقم: ١٣٧١٠، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/٤٢٧، الرقم: ٤٠٣٢، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٣/٥٠٦، ٦/٩٥، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٤/٤٢۔

حَلَقَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ رَأْسَهُ بِمِنًی أَخَذَ شِقَّ رَأْسِهِ الْأَيْمَنَ بِيَدِهِ فَلَمَّا فَرَغَ نَاوَلَنِي فَقَالَ: يَا أَنَسُ، انْطَلِقْ بِهَذَا إِلَی أُمِّ سُلَيْمٍ، فَلَمَّا رَأَی النَّاسُ مَا خَصَّهَا بِهِ مِنْ ذَلِکَ تَنَافَسُوْا فِي الشِّقِّ الْآخَرِ، هَذَا يَأْخُذُ الشَّيءَ وَهَذَا يَأْخُذُ الشَّيءَ قَالَ مُحَمَّدٌ: فَحَدَّثْتُهُ عُبَيْدَةَ السَّلْمَانِيَّ فَقَالَ: لَأَنْ يَکُوْنَ عِنْدِي مِنْهُ شَعْرَةٌ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ کُلِّ صَفْرَاءَ وَبَيْضَاءَ أَصْبَحَتْ عَلَی وَجْهِ الْأَرْضِ وَفِي بَطْنِهَا. رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ وَابْنُ سَعْدٍ.

وقال الذَّهبي في السِّيَرِ: قُلْتُ: هَذَا الْقَوْلُ مِنْ عُبَيْدَةَ رضی الله عنه هُوَ مِعْيَارُ کَمَالِ الْحُبِّ وَهُوَ أَنْ يُؤْثَرَ شَعَرَةٌ نَبَوِيَّةٌ عَلَی کُلِّ ذَهَبٍ وَفِضَّةٍ بِأَيْدِي النَّاسِ وَمِثْلُ هَذَا يَقُوْلُهُ هَذَا الإِمَامُ بَعْدَ النَّبِيِّ ﷺ بِخَمْسِيْنَ سَنَةً فَمَا الَّذِي نَقُوْلُهُ نَحْنُ فِي وَقْتِنَا لَوْ وَجَدْنَا بَعْضَ شَعَرِهِ بِإِسْنَادٍ ثَابِتٍ أَوْ شَسْعِ نَعْلٍ کَانَ لَهُ أَوْ قُلَامَةُ ظُفُرٍ أَوْ شَقَفَةٌ مِنْ إِنَاءٍ شَرِبَ فِيْهِ، فَلَوْ بَذَلَ الْغَنِيُّ مُعْظَمَ أَمْوَالِهِ فِي تَحْصِيْلِ شَيءٍ مِنْ ذَلِکَ عِنْدَهُ أَکُنْتَ تَعُدُّهُ مُبَذِّرًا أَوْ سَفِيْهًا کَلَّا فَابْذُلْ مَالَکَ فِي زَوْرَةِ مَسْجِدِهِ الَّذِي بَنَی فِيْهِ بِيَدِهِ وَالسَّلَامِ عَلَيْهِ عِنْدَ حُجْرَتِهِ فِي بَلَدِهِ إِلَی أُحُدِهِ وَأَحِبَّهِ فَقَدْ کَانَ نَبِيُّکَ ﷺ يُحِبُّهُ وَتَمْلَأُ بِالْحُلُوْلِ فِي رَوْضَتِهِ وَمَقْعَدِهِ فَلَنْ تَکُوْنَ مُؤْمِنًا حَتَّی يَکُوْنَ هَذَا السَّيِّدُ أَحَبَّ إِلَيْکَ مِنْ نَفْسِکَ وَوَلَدِکَ وَأَمْوَالِکَ وَالنَّاسِ کُلِّهِمْ وَقَبِّلْ حَجَرًا مُکَرَّمًا نَزَلَ

مِنَ الْجَنَّةِ وَضَعُ فَمَکَ لَاثِمًا مَکَانًا قَبَّلَهُ سَيِّدُ الْبَشَرِ بِيَقِيْنٍ فَهَنَّاکَ اللهُ بِمَا أَعْطَاکَ فَمَا فَوْقَ ذٰلِکَ مَفْخَرٌ. وَلَوْ ظَفِرْنَا بِالْمِحْجَنِ الَّذِي أَشَارَ بِهِ الرَّسُوْلُ ﷺ إِلَی الْحَجَرِ ثُمَّ قَبَّلَ مِحْجَنَهُ لَحَقٌّ لَنَا أَنْ نَزْدَحِمَ عَلَی ذٰلِکَ الْمِحْجَنِ بِالتَّقْبِيلِ وَالتَّبْجِيْلِ وَنَحْنُ نَدْرِي بِالضَّرُوْرَةِ أَنَّ تَقْبِيْلَ الْحَجَرِ أَرْفَعُ وَأَفْضَلُ مِنْ تَقْبِيْلِ مِحْجَنِهِ وَنَعْلِهِ وَقَدْ کَانَ ثَابِتُ الْبُنَانِيُّ إِذَا رَأَی أَنَسَ بْنَ مَالِکٍ رضی الله عنه أَخَذَ يَدَهُ، فَقَبَّلَهَا وَيَقُوْلُ: يَدٌ مَسَّتْ يَدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَنَقُوْلُ: نَحْنُ إِذْ فَاتَنَا ذٰلِکَ حَجَرٌ مُعَظَّمٌ بِمَنْزِلَةِ يَمِيْنِ اللهِ فِي الْأَرْضِ مَسَّتْهُ شَفَتَا نَبِيِّنَا ﷺ لَاثِمًا لَهُ فَإِذَا فَاتَکَ الْحَجُّ وَتَلَقَّيْتَ الْوَفْدَ فَالْتَزِمِ الْحَاجَّ وَقَبِّلْ فَمَهُ وَقُلْ: فَمٌ مَسَّ بِالتَّقْبِيْلِ حَجَرًا قَبَّلَهُ خَلِيْلِي ﷺ.

’’امام محمد بن سیرین علیہ الرحمہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ نے منیٰ میں اپنے سرمبارک منڈوایا تو آپ ﷺ نے اپنے سر انور کی دائیں جانب (کے موئے مبارک) کو اپنے ہاتھ سے پکڑا پس جب (مونڈواکر) فارغ ہوئے تو مجھے (وہ موئے مبارک) عطا فرمائے اور فرمایا: اے انس! یہ اُمِّ سلیم کے پاس لے جاؤ۔ جب لوگوں نے وہ خاص چیز دیکھی جو انہیں عطا کی گئی تھی تو وہ دوسری جانب (کے موئے مبارک کے حصول کے لیے آپس) میں مقابلہ کرنے لگے۔ یہ کوئی چیز لے رہا ہے اور یہ کوئی چیز لے رہا ہے۔ امام محمد بن سیرین کہتے ہیں: میں نے یہ بات حضرت عبیدہ سلمانی رضی اللہ عنہ سے بیان کی تو انہوں (نے اپنی شدید دلی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے) فرمایا:


(کاش) میرے پاس ان موئے مبارک میں سے اگر ایک بھی ہوتا تو وہ میرے نزدیک ہر پیلی اور سفید (یعنی سونے چاندی) سے بھی جو اس زمین کے اوپر اور جو کچھ اس کے اندر ہے سے زیادہ محبوب ہوتا۔ (یعنی وہ موئے مبارک میرے لئے کائنات کے تمام خزانوں سے بڑھ کر ہوتا)۔‘‘

اس حدیث کو امام احمد، بیہقی اور ابن سعد نے روایت کیا ہے۔

’’امام ذہبی اپنی کتاب سیر أعلام النبلاء میں فرماتے ہیں: میں کہتا ہوں: حضرت عبیدہ رضی اللہ عنہ کا یہ قول کمال محبت کا انتہائی اعلیٰ معیار ہے اور وہ یہ ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے ایک موئے مبارک کو ساری دنیا کے لوگوں کے پاس پائے جانے والے خزانوں پر بھی ترجیح دی جائے اور یہ قول اس امام کا ہے جو حضور نبی اکرم ﷺ کے صرف پچاس سال بعد ہوئے ہیں۔ پھر ہم اپنے اس زمانے میں کیا کہیں گے جب ہم آپ ﷺ کے بعض موئے مبارک کو صحیح سند کے ساتھ پالیں۔ یا کوئی آپ ﷺ کی نسبت والی چیز خواہ وہ آپ ﷺ کے نعلین پاک ہوں یا آپ ﷺ کے ناخن مبارک کا تراشہ یا اس برتن کا ٹکڑا جس میں آپ ﷺ نے پیا ہو۔ پس اگر کوئی امیر آدمی ان چیزوں کے حصول میں اپنا بہت زیادہ مال صرف کر دے تو کیا تم اسے فضول خرچ یا بے وقوف خیال کرو گے؟ ہرگز نہیں۔ بس تم بھی اپنا مال (اس مقصد کی خاطر) خرچ کرو (اور اگر اور کچھ نہیں) تو اس مسجد کی زیارت ہی کر لو جسے آپ ﷺ نے اپنے دستِ اقدس سے تعمیر کیا۔ (اسی طرح تم اپنا مال) حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں آپ ﷺ کے حجرہ مبارک کے قریب، آپ ﷺ کے شہر میں اور وہاں سے آپ ﷺ کے محبوب پہاڑ اُحد تک، سلام عرض کرنے کے لئے خرچ کرو۔ پس حضور نبی اکرم ﷺ اسے (اُحد پہاڑ سے) محبت فرماتے تھے، اور

(اے زائر!) تو حضور نبی اکرم ﷺ کے روضہ اطہر اور مسند شریف کی جگہ حاضری کی سعادت حاصل کر اور تم ہرگز مومن نہیں ہوسکتے یہاں تک کہ یہ آقا ﷺ تمہیں تمہاری ذات، تمہاری اولاد اور تمہارے اموال اور تمام لوگوں سے محبوب تر نہ ہوجائیں۔ اور تو اور تُو اس بزرگی والے پتھر (یعنی حجر اسود) کو بھی چوم لے جو جنت سے نازل ہوا۔ اور اپنے منہ سے اس جگہ کا بوسہ لینے کی سعادت حاصل کر جس جگہ سے یقینی طور پر سید المرسلین ﷺ نے بوسہ لیا تھا۔ پس اللہ تعالیٰ تیرے لیے اس امر کو باعث مسرت بنائے رکھے جو اس نے تجھے عطا کیا ہے اور جو اس سے زیادہ ہے وہ قابل فخر ہے۔ اور اگر ہم حضور نبی اکرم ﷺ کے اس عصا مبارک کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں جس کے ذریعے آپ ﷺ نے حجر اسود کی طرف اشارہ فرمایا اور پھر اسے چوما، تو ہمارے لیے یہ چیز واجب ہے کہ ہم اس عصا مبارک کے ارد گرد (حصولِ برکت کے لیے) ہجوم بنا لیں اور اسے چومیں اور اس کی (بے پناہ) تعظیم بجا لائیں، اور ہم بالضرورت جانتے ہیں کہ بے شک حجرِ اسود کا چومنا، آپ ﷺ کے عصا مبارک اور نعل مقدس سے ارفع و افضل ہے۔ اور حضرت ثابت بنانی رضی اللہ عنہ نے جب حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ (کے دستِ اقدس) کو (حصولِ برکت کے لئے) مس کیا تھا (کیونکہ ان ہاتھوں سے انہوں نے حضور ﷺ کے دستِ اقدس کو مس کیا تھا)۔ پس ہم کہتے ہیں کہ اگر ہم اس عظیم الشان حجرِ اسود جس کی حرمت اس زمین میں اللہ تعالیٰ کی قسم کی طرح ہے اور جسے حضور نبی اکرم ﷺ کے کا فوری لبوں نے چھوا ہوا سے چومتے ہوئے، اور (اگر) تمہیں خود حج کی سعادت نصیب نہ ہو سکے اور تو کسی ایسے وفد سے مل لو جو حج (اور اس کے روضۂ اقدس کی حاضری) کی سعادت حاصل کرکے لوٹا ہو۔ تو تم (اس وفد میں سے) کسی حاجی کے ہی منہ (اور لبوں) کو بوسہ دے لو یہ سوچ کر کہ یہ

وہ لب ہیں جنہوں نے اس حجرِ اسود کا بوسہ لینے کی سعادت حاصل کی ہے (جسے مصطفیٰ ﷺ کے کافوری لبوں نے بوسہ دیا تھا)۔‘‘



www.MinhajBooks.com

بَابٌ فِي التَّبَرُّكِ بِآثَارِهِ ﷺ الشَّرِيْفَةِ

﴿حضور ﷺ کے آثارِ مبارکہ سے حصولِ برکت﴾

١/٢٣٤. عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَمَا فِي بَيْتِي مِنْ شَيءٍ يَأْكُلُهُ ذُوْ كَبِدٍ إِلَّا شَطْرُ شَعِيْرٍ فِي رَفٍّ لِي فَأَكَلْتُ مِنْهُ حَتَّى طَالَ عَلَيَّ فَكِلْتُهُ فَفَنِيَ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ کا وصال مبارک ہوا تو اس وقت میرے گھر میں کوئی ایسی چیز موجود نہ تھی جسے کوئی جاندار کھا سکتا مگر (آپ ﷺ کے چھوڑے ہوئے) کچھ جَو تھے جنہیں میں نے ایک الماری میں ڈال رکھا تھا۔ ایک مدت تک میں ان میں سے ہی سے کھاتی رہی تھی، (لیکن آپ ﷺ کی برکت سے وہ کبھی ختم نہ ہوئے) لیکن ایک روز میں نے انہیں ماپ لیا تو وہ ختم ہو گئے۔''

یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: فرض الخمس، باب: نفقة نساء النبي بعده ﷺ، ٣/١١٢٩، الرقم: ٢٩٣٠، وفي كتاب: الرقاق، باب فضل الفقر، ٥/٢٣٧٠، الرقم: ٦٠٨٦، ومسلم في الصحيح، كتاب: الزهد والرقائق، ٤/٢٢٨٤، الرقم: ٢٩٧٣، وابن ماجه في السنن، كتاب: الأطعمة، باب: خبز الشعير، ٢/١١١٠، الرقم: ٣٣٤٥، والبيهقي في السنن الكبرى، ٧/٤٧، الرقم: ١٣٠٩٤، والنووي في رياض الصالحين، ١/١٣٩، الرقم: ١٣٩، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٤/١٠١، الرقم: ٤٩٨٥، والعيني في عمدة القاري، ١١/٢٤٧۔

٢/٢٣٥. عَنْ عَابِسِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ عُمَرَ رضی الله عنه أَنَّهُ جَاءَ إِلَى الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ فَقَبَّلَهُ، فَقَالَ: إِنِّي أَعْلَمُ أَنَّکَ حَجَرٌ، لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ، وَلَوْلَا أَنِّي رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ يُقَبِّلُکَ مَا قَبَّلْتُکَ. وفي رواية: قَالَ عُمَرُ: شَيْءٌ صَنَعَهُ النَّبِيُّ ﷺ فَلَا نُحِبُّ أَنْ نَتْرُکَهُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت عابس بن ربیعہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حجرِ اسود کے پاس آئے اور اسے بوسہ دے کر کہا: میں خوب جانتا ہوں کہ تو پتھر ہے نہ تو نقصان پہنچا سکتا ہے اور نہ نفع۔ اگر میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں کبھی تجھے بوسہ نہ دیتا۔ (اور ایک روایت میں ہے کہ) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ وہ کام ہے جسے حضور نبی اکرم ﷺ نے ادا فرمایا ہے پس ہم نہیں چاہتے کہ اسے ترک کر دیں۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٣/٢٣٦. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضي الله عنهما أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ أُبَيٍّ لَمَّا تُوُفِّيَ

٢: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الحج، باب: ما ذُكر في الحجر الأسود، ٢/٥٧٩، الرقم: ١٥٢٠، ١٥٢٨، ومسلم في الصحيح، كتاب: الحج، باب: استحباب تقبيل الحجر الأسود في الطواف، ٢/٩٢٥، الرقم: ١٢٧٠، وأبو داود في السنن، كتاب: المناسك، باب: في تقبيل الحجر، ٢/١٧٥، الرقم: ١٨٧٣، والنسائي في السنن، كتاب: مناسك الحج، باب: كيف يقبل، ٥/٢٢٧، الرقم: ٢٩٣٨، وابن ماجه في السنن، باب: استلام الحجر، ٢/٩٨١، الرقم: ٢٩٤٣، ومالك في الموطأ، ١/٣٦٧، الرقم: ٨١٨، وأحمد بن حنبل في المسند، ١/١٦، الرقم: ٩٩، والبزار في المسند، ١/٩٤٩، الرقم: ١٣٩، وابن حبان في الصحيح، ٤/٢١٢، الرقم: ٢٧١١.

٣: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: الكفن في القميص الذي يكف أو لا يكف ومن كفن بغير قميص، ١/٤٢٧، الرقم: ١٢١٠،

جَاءَ ابْنُهُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَعْطِنِي قَمِيْصَکَ أُكَفِّنْهُ فِيْهِ وَصَلِّ عَلَيْهِ وَاسْتَغْفِرْ لَهُ فَأَعْطَاهُ النَّبِيُّ ﷺ قَمِيْصَهُ فَقَالَ: آذِنِّي أُصَلِّي عَلَيْهِ فَآذَنَهُ فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ جَذَبَهُ عُمَرُ رضي الله عنه فَقَالَ: أَلَيْسَ اللهُ نَهَاکَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ فَقَالَ: أَنَا بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ قَالَ: ﴿اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللهُ لَهُمْ﴾ [التوبة، ٩: ٨٠] فَصَلَّى عَلَيْهِ فَنَزَلَتْ: ﴿وَلَا تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا﴾. [التوبة، ٩: ٨٤]. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب (رئیس المنافقین) عبد اللہ بن اُبی فوت ہو گیا تو اس کے بیٹے (حضرت عبد اللہ جو کہ صحابی تھے) حضور نبی

..... وفي كتاب: تفسير القرآن، باب: قوله: استغفر لهم أو لا تستغفر لهم إن تستغفر لهم سبعين مرة، ٤/١٧١٥، الرقم: ٤٣٩٣، ومسلم في الصحيح، كتاب: صفات المنافقين وأحكامهم، ٤/٢١٤١، الرقم: ٢٧٧٤، وفي كتاب: فضائل الصحابة، باب: من فضائل عمر رضي الله عنه، ٤/١٨٦٥، الرقم: ٢٤٠٠، والترمذي في السنن، كتاب: تفسير القرآن عن رسول الله ﷺ، باب: ومن سورة التوبة، ٥/٢٧٩، الرقم: ٣٠٩٨، وقال أبو عيسى: هذا حديث حسن صحيح، وأبو داود نحوه في السنن، كتاب: الجنائز، باب: في العبادة، ٣/١٨٤، الرقم: ٣٠٩٤، والنسائي في السنن، كتاب: الجنائز، باب: القميص في الكفن، ٤/٣٦، الرقم: ١٩٠٠، وابن ماجه في السنن، كتاب: ما جاء في الجنائز، باب: في الصلاة على أهل القبلة، ١/٤٨٧، الرقم: ١٥٢٣، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/١٨، الرقم: ٤٦٨٠، وابن حبان في الصحيح، ٧/٤٤٧، الرقم: ٣١٧٥۔

اکرم ﷺ کی بارگاہ میں عرض گزار ہوئے: یا رسول اللہ! مجھے اپنی قمیص عطا فرمائیے کہ اس سے میں اپنے والد کو کفن دوں اور اس پر نماز پڑھیئے اور اس کے لئے دعائے مغفرت بھی فرمائیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے انہیں اپنی قمیض عطا فرما دی اور فرمایا: (جنازہ کے وقت) مجھے اطلاع کر دینا تاکہ اس پر نماز پڑھوں۔ پس اطلاع دی گئی۔ جب آپ ﷺ نے اس پر نماز پڑھنے کا ارادہ کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کو روکا اور عرض گزار ہوئے: (یا رسول اللہ!) اللہ تعالیٰ نے آپ کو منافقین پر نماز پڑھنے سے منع نہیں فرمایا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے دونوں باتوں کا اختیار دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اگر آپ (اپنی طبعی شفقت اور عفو و درگزر کی عادتِ کریمانہ کے پیشِ نظر) ان کے لیے ستّر مرتبہ بھی بخشش طلب کریں تو بھی اللہ تعالیٰ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا۔'' تو آپ ﷺ نے اس پر نماز پڑھی تو وحی نازل ہوئی: ''اور آپ کبھی بھی ان (منافقوں) میں سے جو کوئی مر جائے اس (کے جنازے) پر نماز نہ پڑھیں۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

٤/٢٣٧. عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ بِبُرْدَةٍ فَقَالَ سَهْلٌ لِلْقَوْمِ: أَتَدْرُوْنَ مَا الْبُرْدَةُ؟ فَقَالَ الْقَوْمُ: هِيَ الشَّمْلَةُ فَقَالَ سَهْلٌ: هِيَ شَمْلَةٌ مَنْسُوْجَةٌ فِيْهَا حَاشِيَتُهَا فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، أَكْسُوْكَ هٰذِهِ، فَأَخَذَهَا النَّبِيُّ ﷺ مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، فَلَبِسَهَا،

٤: أخرجه البخاري في الصحيح كتاب: الآداب، باب: حسن الخلق والسخاء وما يكره من البخل، ٥/٢٢٤٥، الرقم: ٥٦٨٩، وفي كتاب: الجنائز، باب: من استعد الكفن في زمن النبي ﷺ فلم ينكر عليه، ١/٤٢٩، الرقم: ١٢١٨، وفي كتاب: البيوع، باب ذكر النساج، ٢/٧٣٧، الرقم: ١٩٨٧، وفي كتاب: اللباس، باب: البرود والحبرة والشملة، ٥/٢١٨٩، الرقم: ٥٤٧٣، والنسائي في السنن، كتاب: الزينة، باب: لبس البرود، ٨/٢٠٤، الرقم: ٥٣٢١، وفي السنن الكبرى، ـــ

فَرَآهَا عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنَ الصَّحَابَةِ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، مَا أَحْسَنَ هَذِهِ فَاكْسُنِيْهَا فَقَالَ: نَعَمْ، فَلَمَّا قَامَ النَّبِيُّ ﷺ لَامَهُ أَصْحَابُهُ قَالُوْا: مَا أَحْسَنْتَ حِيْنَ رَأَيْتَ النَّبِيَّ ﷺ أَخَذَهَا مُحْتَاجًا إِلَيْهَا ثُمَّ سَأَلْتَهُ إِيَّاهَا وَقَدْ عَرَفْتَ أَنَّهُ لَا يُسْأَلُ شَيْئًا فَيَمْنَعُهُ فَقَالَ: رَجَوْتُ بَرَكَتَهَا حِيْنَ لَبِسَهَا النَّبِيُّ ﷺ لَعَلِّي أُكَفَّنُ فِيْهَا. وفي رواية: قَالَ سَهْلٌ: فَكَانَتْ كَفَنَهُ.

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجه، وَقَالَ الطَّبَرَانِيُّ: قَالَ قُتَيْبَةُ: كَانَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ رضي الله عنه.

’’حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک عورت چادر لے کر حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئی۔ حضرت سہل نے دوسرے حضرات سے کہا: کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ چادر کیسی ہے؟ لوگوں نے جواب دیا کہ یہ شملہ ہے۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ ایسی شملہ ہے جس پر حاشیے بنے ہوئے ہیں۔ وہ عرض گزار ہوئی: یا رسول اللہ! میں اسے آپ کے اوڑھنے کی خاطر لائی ہوں۔ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے وہ قبول فرمالی اور آپ ﷺ کو اس وقت چادر کی ضرورت بھی تھی اور اسے پہننے کا شرف بخشا، جب

..... ٥/٤٨٠، الرقم: ٩٦٥٩، وابن ماجه في السنن، كتاب: اللباس، باب: لباس رسول الله ﷺ، ٢/١١٧٧، الرقم: ٣٥٥٥، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٣٣٣، الرقم: ٢٢٨٧٦، وعبد بن حميد في المسند، ١/١٧٠، الرقم: ٤٦٢، والطبراني في المعجم الكبير، ٦/١٤٣، ١٦٩، ٢٠٠، الرقم: ٥٧٨٥، ٥٨٨٧، ٥٩٩٧، والبيهقي في السنن الكبرى، ٣/٤٠٤، الرقم: ٦٤٨٩، وفي شعب الإيمان، ٥/١٧٠، الرقم: ٦٢٣٤، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ١/٤٥٤، وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق، ٤/٣٣، والنووي في رياض الصالحين، ١/١٦١۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک شخص نے اسے آپ ﷺ کے جسم اطہر پر دیکھا تو اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ تو بہت اچھی ہے لہٰذا یہ مجھے اوڑھا دیجئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اچھا لو (اور اسے چادر عطا فرمادی)۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ اٹھ کر تشریف لے گئے تو دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے انہیں ملامت کی اور کہا کہ تم نے اچھا نہیں کیا۔ کیونکہ جب تم نے یہ دیکھ لیا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اسے قبول فرما لیا اور آپ ﷺ کو اس چادر کی ضرورت بھی ہے اس کے باوجود تم نے وہی مانگ لی جبکہ تم یہ جانتے بھی تھے کہ جب آپ ﷺ سے سوال کیا جائے تو آپ ﷺ انکار نہیں فرماتے۔ اس صحابی نے کہا کہ میں اس سے برکت کا امیدوار ہوں کیونکہ اسے حضور نبی اکرم ﷺ کے جسم اطہر سے لگنے کا شرف حاصل ہو گیا ہے لہٰذا میں چاہتا ہوں کہ اسی میں کفن دیا جاؤں۔ اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھر وہی چادر اس صحابی کا کفن بنی۔‘‘

اس حدیث کو امام بخاری، نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

’’اور امام طبرانی نے بیان کہ امام قتیبہ نے فرمایا: وہ (بطور تبرک چادر مانگنے والے شخص) جلیل القدر صحابی حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ تھے۔‘‘

٥/٢٣٨. عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ الْأَوْدِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: رَأَيْتُ عُمَرَ بْنَ

٥: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الجنائز، باب: ما جاء في قبر النبي ﷺ وأبي بكر وعمر رضي الله عنهما، ١/٤٦٩، الرقم: ١٣٢٨، وفي كتاب: المناقب، باب: قصة البيعة والاتفاق على عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ، ٣/١٣٥٣ـ ١٣٥٥، الرقم: ٣٤٩٧، وابن أبي شيبة نحوه في المصنف، ٣/٣٤، الرقم: ١١٨٥٨، ٧/٤٣٥ـ٤٣٦، الرقم: ٣٧٠٥٩، ٣٧٠٧٤، والحاكم في المستدرك، ٣/٩٩، الرقم: ٤٥١٩، واللالكائي في اعتقاد أهل السنة، ٧/١٣٣٣، الرقم: ٢٥٤١، وابن سعد في الطبقات الكبرى، ٣/٣٣٨، وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق، ٤٤/٤١٦ـ

الْخَطَّابِ رضی الله عنه قَالَ: يَا عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ، اِذْهَبْ إِلَى أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ رضی الله عنها فَقُلْ: يَقْرَأُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَيْکِ السَّلَامَ ثُمَّ سَلْهَا أَنْ أُدْفَنَ مَعَ صَاحِبَيَّ قَالَتْ: کُنْتُ أُرِيْدُهُ لِنَفْسِي فَلَأُوْثِرَنَّهُ الْيَوْمَ عَلَى نَفْسِي فَلَمَّا أَقْبَلَ قَالَ لَهُ: مَا لَدَيْکَ قَالَ: أَذِنَتْ لَکَ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَ: مَا کَانَ شَيْءٌ أَهَمَّ إِلَيَّ مِنْ ذٰلِکَ الْمَضْجَعِ فَإِذَا قُبِضْتُ فَاحْمِلُوْنِي ثُمَّ سَلِّمُوْا ثُمَّ قُلْ: يَسْتَأْذِنُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَإِنْ أَذِنَتْ لِي فَادْفِنُوْنِي وَإِلَّا فَرُدُّوْنِي إِلَى مَقَابِرِ الْمُسْلِمِيْنَ ..... الحديث. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَابْنُ أَبِي شَيْبَةَ.

''حضرت عمرو بن میمون اَودی رضی الله عنه سے روایت ہے کہ میں نے دیکھا کہ حضرت عمر رضی الله عنه نے (بوقتِ وصال اپنے صاحبزادے سے) فرمایا: اے عبداللہ بن عمر! ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی الله عنها کے پاس جاؤ اور عرض کرنا کہ عمر بن خطاب آپ کو سلام کہتا ہے اور عرض کرتا ہے کہ مجھے میرے دونوں رفقاء کے ساتھ (روضہ رسول ﷺ میں) دفن ہونے کی اجازت دی جائے۔ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی الله عنهما نے جب اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی الله عنها کی خدمت میں حضرت عمر رضی الله عنه کی یہ درخواست پیش کی تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی الله عنها نے فرمایا: وہ جگہ میں اپنے لیے رکھنا چاہتی تھی لیکن آج میں انہیں (یعنی حضرت عمر رضی الله عنه کو) اپنے اوپر ترجیح دیتی ہوں۔ جب حضرت عبد اللہ بن عمر رضی الله عنهما واپس لوٹے تو حضرت عمر رضی الله عنه نے ان سے دریافت فرمایا: کیا خبر لائے ہو؟ انہوں نے عرض کیا: اے امیر المومنین! انہوں نے آپ کے لیے اجازت دے دی ہے، تو حضرت عمر رضی الله عنه نے فرمایا: اس (متبرک و مقدس) مقام سے زیادہ میرے لے (بطور آخری آرام گاہ) کوئی جگہ اہم نہیں تھی۔ سو جب میرا وصال ہو جائے تو مجھے اٹھا کر وہاں لے جانا اور سلام

عرض کرنا۔ پھر عرض کرنا (آقا!) عمر بن خطاب اجازت چاہتا ہے۔ اگر مجھے اجازت مل جائے تو وہاں دفن کر دینا ورنہ مجھے عام مسلمانوں کے قبرستان میں لے جا کر دفن کر دینا۔''

اس حدیث کو امام بخاری اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٦/٢٣٩. عَنْ أَبِي بُرْدَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فَلَقِيَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ سَلَامٍ رضی الله عنه فَقَالَ لِي: انْطَلِقْ إِلَى الْمَنْزِلِ فَأَسْقِيَکَ فِي قَدَحٍ شَرِبَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَتُصَلِّي فِي مَسْجِدٍ صَلَّى فِيهِ النَّبِيُّ ﷺ فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ فَسَقَانِي سَوِيْقًا وَأَطْعَمَنِي تَمْرًا وَصَلَّيْتُ فِي مَسْجِدِهِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں مدینہ منورہ حاضر ہوا تو مجھے حضرت عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ ملے۔ انہوں نے مجھے فرمایا کہ میرے ساتھ میرے گھر چلو تاکہ میں (بطورِ تبرک) تمہیں اس پیالے میں پلاؤں جس میں حضور نبی اکرم ﷺ نوش فرمایا کرتے تھے اور اس مسجد میں نماز پڑھاؤں جس میں حضور نبی اکرم ﷺ نے نماز پڑھی ہے۔ پس میں ان کے ساتھ چلا گیا تو اُنہوں نے مجھے (اس متبرک پیالے میں) ستُّو پلائے اور کھجوریں کھلائیں اور میں نے اُن کی مسجد میں نماز بھی پڑھی۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الاعتصام بالكتاب والسنة، باب: ما ذكر النبي ﷺ وحض على اتفاق أهل العلم وما اجتمع عليه الحرمان مكة والمدينة، ٦/٢٦٧٣، الرقم: ٦٩١٠، والبيهقي في السنن الكبرى، ٥/٣٤٩، الرقم: ١٠٧٠٨، والعسقلاني في فتح الباري، ٧/١٣١، الرقم: ٣٦٠٣، وفي تغليق التعليق، ٥/٣٢، والعيني في عمدة القاري، ٢٥/٦١، الرقم: ٧٣٤٢۔

٧/٢٤٠. عن مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ ﷺ قَالَ: رَأَيْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللهِ رضي الله عنهما يَتَحَرَّى أَمَاكِنَ مِنَ الطَّرِيْقِ فَيُصَلِّي فِيْهَا وَيُحَدِّثُ أَنَّ أَبَاهُ كَانَ يُصَلِّي فِيْهَا وَأَنَّهُ رَأَى النَّبِيَّ ﷺ يُصَلِّي فِي تِلْکَ الْأَمْكِنَةِ. رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ.

''حضرت موسیٰ بن عقبہ ﷺ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما (یعنی حضرت عمر ﷺ کے پوتے) کو دیکھا کہ وہ (دوران سفر) راستے میں (حضور نبی اکرم ﷺ کے متبرک) مقامات تلاش کر کے ان میں نماز پڑھا کرتے تھے اور بتایا کرتے کہ ان کے والد ماجد (یعنی حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی) ان مقامات پر (اپنے سفر کے دوران باقاعدگی سے) نماز پڑھا کرتے کیونکہ انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو ان مقامات میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تھا۔''

اس حدیث کو امام بخاری نے روایت کیا ہے۔

٨/٢٤١. عَنْ عَبْدِ اللهِ ﷺ مَوْلَى أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رضي الله عنهما

٧: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: المساجد التي على طريق المدينة والمواضع التي صلّى فيها النبي ﷺ، ١/١٨٣، الرقم: ٤٦٩، والعيني في عمدة القاري، ٤/٢٦٨.

٨: أخرجه مسلم في الصحيح، كتاب: اللباس والزينة، باب: تحريم استعمال إناء الذهب والفضة على الرجال، ٣/١٦٤١، الرقم: ٢٠٦٩، وأبو داود في السنن، كتاب: اللباس، باب: الرخصة في العلم وخيط الحرير، ٤/٤٩، الرقم: ٤٠٥٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/٣٤٧، الرقم: ٢٦٩٨٧، والبيهقي في السنن الكبرى، ٢/٤٢٣، الرقم: ٤٠١٠، وفي شعب الإيمان ٥/١٤١، الرقم: ٦١٠٨، وأبو عوانة في المسند، ١/٢٣٠، الرقم: ٥١١، وابن راهويه في المسند، ٥/١٣٤، الرقم: ٢٢٤٨، وابن سعد في الطبقات ـــ

في رواية طويلة قَالَ: أَخْبَرَتْنِي أَسْمَاءُ بِنْتُ أَبِي بَکْرٍ رضي الله عنهما عَنْ جُبَّةِ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَتْ: هَذِهِ جُبَّةُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَأَخْرَجَتْ إِلَيَّ جُبَّةَ طَيَالِسَةٍ کِسْرَوَانِيَّةٍ لَهَا لِبْنَةُ دِيْبَاجٍ وَفَرْجَيْهَا مَکْفُوْفَيْنِ بِالدِّيْبَاجِ فَقَالَتْ: هَذِهِ کَانَتْ عِنْدَ عَائِشَةَ رضي الله عنها حَتَّی قُبِضَتْ، فَلَمَّا قُبِضَتْ قَبَضْتُهَا وَکَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَلْبَسُهَا، فَنَحْنُ نَغْسِلُهَا لِلْمَرْضَی يُسْتَشْفَی بِهَا.

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَأَحْمَدُ.

’’حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما کے غلام حضرت عبد اللہ ایک طویل روایت میں بیان کرتے ہیں کہ مجھے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے حضور نبی اکرم ﷺ کے جبّہ مبارک کے متعلق بتایا اور فرمایا: یہ حضور نبی اکرم ﷺ کا جبّہ مبارک ہے اور پھر انہوں نے ایک جبّہ نکال کر دکھایا جو موٹا دھاری دار کسروانی (کسریٰ کے بادشاہ کی طرف منسوب ہے) جبّہ تھا جس کا گریبان دیباج کا تھا اور اس کے دامنوں پر دیباج کے سنجاف تھے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یہ مبارک جبّہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس ان کی وفات تک محفوظ رہا، جب ان کی وفات ہوئی تو یہ میں نے لے لیا اور یہی وہ مبارک جبّہ ہے جسے حضور نبی اکرم ﷺ زیب تن فرمایا کرتے تھے۔ سو ہم اسے دھو کر اس کا پانی بیماروں کو پلاتے ہیں اور اس کے ذریعہ سے (ان بیماروں کے لئے) شفا طلب کی جاتی ہے۔‘‘

اس حدیث کو امام مسلم، ابو داود اور احمد نے روایت کیا ہے۔

٩/٢٤٢. عَنْ جَابِرٍ رضي الله عنه أَنَّ أُمَّ مَالِکٍ کَانَتْ تُهْدِي لِلنَّبِيِّ ﷺ

..... الکبری، ١/٤٥٤، والخطيب البغدادي في موضح أوهام الجمع والتفريق، ٢/٢٥١، الرقم: ٣٠٨، والشوکاني في نيل الأوطار، ٢/٧٩۔

٩: أخرجه مسلم في الصحيح، کتاب: الفضائل، باب: في معجزات النبي ﷺ، ــ

فِي عُكَّةٍ لَهَا سَمْنًا. فَيَأْتِيهَا بَنُوهَا فَيَسْأَلُوْنَ الْأُدْمَ. وَلَيْسَ عِنْدَهُمْ شَيءٌ، فَتَعْمِدُ إِلَى الَّذِي كَانَتْ تُهْدِي فِيْهِ لِلنَّبِيِّ ﷺ، فَتَجِدُ فِيْهِ سَمْنًا. فَمَا زَالَ يُقِيْمُ لَهَا أُدْمَ بَيْتِهَا حَتَّى عَصَرَتْهُ، فَأَتَتِ النَّبِيَّ ﷺ فَقَالَ: عَصَرْتِيْهَا؟ قَالَتْ: نَعَمْ. قَالَ: لَوْ تَرَكْتِيْهَا مَا زَالَ قَائِمًا. رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَأَحْمَدُ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت اُمّ مالک رضی اللہ عنہا حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک چمڑے کے برتن میں گھی بھیجا کرتی تھیں، ان کے بیٹے آ کر ان سے سالن مانگتے، ان کے پاس کوئی چیز نہیں ہوتی تھی، تو جس چمڑے کے برتن میں وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے لئے گھی بھیجا کرتیں اس کا رخ کرتیں اس میں انہیں گھی مل جاتا، ان کے گھر میں سالن کا مسئلہ اسی طرح حل ہوتا رہا یہاں تک کہ انہوں نے ایک دن اس چمڑے کے برتن کو نچوڑ لیا (تو اس میں سے گھی ختم ہو گیا) پھر وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں (اور سارا ماجرا عرض کیا) تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے چمڑے کے برتن کو نچوڑ لیا؟ انہوں نے عرض کیا: ہاں، یا رسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم اسے اسی طرح رہنے دیتیں تو اس سے ہمیشہ (گھی) ملتا رہتا۔''

اس حدیث کو امام مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے۔

١٠/٢٤٣. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ، بِتَمَرَاتٍ،

٤/١٧٨٤، الرقم: ٢٢٨٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/٣٤٠، ٣٤٧، الرقم: ١٤٧٠٥، ١٤٧٨٢، والعسقلاني في تهذيب التهذيب، ١٢/٥٠٥، الرقم: ٢٩٨٤، وفي فتح الباري، ١١/٢٨١، وفي الإصابة، ٨/٢٩٨، الرقم: ١٢٢٣٩.

١٠: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: المناقب عن رسول الله ﷺ، باب: مناقب لأبي هريرة رضی اللہ عنہ، ٥/٦٨٥، الرقم: ٣٨٣٩، وأحمد بن حنبل في ـــ

فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، ادْعُ اللهَ فِيْهِنَّ بِالْبَرَکَةِ، فَضَمَّهُنَّ ثُمَّ دَعَا لِي فِيْهِنَّ بِالْبَرَکَةِ، فَقَالَ: خُذْهُنَّ وَاجْعَلْهُنَّ فِي مِزْوَدِکَ هَذَا أَوْ فِي هَذَا الْمِزْوَدِ، کُلَّمَا أَرَدْتَ أَنْ تَأْخُذَ مِنْهُ شَيْئًا، فَأَدْخِلْ فِيْهِ يَدَکَ، فَخُذْهُ، وَلَا تَنْثُرْهُ نَثْرًا، فَقَدْ حَمَلْتُ مِنْ ذٰلِکَ التَّمْرِ کَذَا وَ کَذَا مِنْ وَسْقٍ فِي سَبِيْلِ اللهِ، فَکُنَّا نَأْکُلُ مِنْهُ وَنُطْعِمُ، وَکَانَ لَا يُفَارِقُ حِقْوِي حَتَّی کَانَ يَوْمَ قَتْلِ عُثْمَانَ رضی الله عنه فَإِنَّهُ انْقَطَعَ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ، وَقَالَ أَبُوْ عِيْسَی: هَذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کچھ کھجوریں لے کر حاضر ہوا اور عرض کیا: یا رسول اللہ! ان میں اللہ تعالیٰ سے برکت کی دعا فرمائیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے انہیں اکٹھا کیا اور میرے لیے ان میں دعائے برکت فرمائی پھر مجھے فرمایا: انہیں لے لو اور اپنے اس توشہ دان میں رکھ لو اور جب انہیں لینا چاہو تو اپنا ہاتھ اس میں ڈال کر لے لیا کرو (لیکن) اسے جھاڑنا نہیں۔ (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں) سو میں نے ان میں سے اتنے اتنے (یعنی کئی) وسق (ایک وسق دو سو چالیس کلوگرام کے برابر ہوتا ہے) کھجوریں اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کیں اور ہم خود بھی اس میں سے کھاتے اور دوسروں کو بھی کھلاتے (لیکن اس میں سے

..... المسند، ٢/٣٥٢، الرقم: ٨٦١٣، وابن حبان في الصحيح، ١٤/٤٦٧، الرقم: ٦٥٣٢، وابن راهوية في المسند، ١/٧٥، الرقم: ٣، والهيثمي في موارد الظمآن، ١/٥٢٧، الرقم: ٢١٥٠، وابن كثير في البداية والنهاية، ٦/١١٧، والذهبي في سير أعلام النبلاء، ٢/٢٣١، والسيوطي في الخصائص الكبرى، ٢/٨٥۔

کھجوریں کبھی ختم نہ ہوئیں۔) اور کبھی وہ توشہ دان میری کمر سے جدا نہ ہوا یہاں تک کہ جس دن حضرت عثمانص شہید ہوئے تو وہ مجھ سے کہیں گر گیا۔‘‘

اس حدیث کو امام ترمذی، احمد اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔ امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

٢٤٤/١١. **عَنْ عَائِشَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ وَعِنْدَنَا شَطْرٌ مِنْ شَعِيْرٍ فَأَكَلْنَا مِنْهُ مَا شَاءَ اللهُ ثُمَّ قُلْتُ لِلْجَارِيَةِ: كِيْلِيْهِ فَكَالَتْهُ فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ فَنِيَ قَالَتْ: فَلَوْ كُنَّا تَرَكْنَاهُ لَأَكَلْنَا مِنْهُ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ.** رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ حِبَّانَ، وَقَالَ أَبُوْ عِيْسَى: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

’’حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے، انہوں نے فرمایا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے وصال مبارک کے بعد ہمارے پاس (آپ ﷺ کے بچے ہوئے) کچھ جو تھے ہم اس میں سے (کافی عرصہ تک) جتنا اللہ تعالیٰ نے چاہا کھاتے رہے پھر (ایک دفعہ) میں نے لونڈی سے کہا کہ انہیں ماپو تو سہی۔ اس نے انہیں ماپ لیا تو کچھ ہی عرصہ بعد وہ جو ختم ہو گئے۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر ہم انہیں (نہ ماپتے اور) ویسے ہی چھوڑے رکھتے تو ہم اور زیادہ عرصہ تک (جتنا چاہتے) اس میں سے کھاتے رہتے۔‘‘

اس حدیث کو امام ترمذی اور ابن حبان نے روایت کیا ہے۔ اور امام ابوعیسیٰ

١١-١٢: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب: صفة القيامة والرقائق والورع عن رسول الله ﷺ، باب: (٣١) منه، ٤/٦٤٣، الرقم: ٢٤٦٧، وأحمد بن حنبل في المسند، ٦/١٠٨، الرقم: ٢٤٨١٢، وابن حبان في الصحيح، ١٤/٣٢٥، الرقم: ٦٤١٥۔

ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

١٢/٢٤٥. وفي رواية: قَالَتْ: وَمَا فِي رَفِّي مِنْ طَعَامٍ يَأْكُلُهُ ذُوْكَبِدٍ إِلَّا قَرِيْبٌ مِنْ شَطْرِ شَعِيْرٍ فَأَكَلْتُ مِنْهُ حَتَّى طَالَ عَلَيَّ لاَ يَفْنَى فَكِلْتُهُ فَفَنِيَ فَلَيْتَنِي لَمْ كِلْتُهُ. رَوَاهُ أَحْمَدُ.

''اور ایک روایت میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میری الماری میں کسی جاندار کے کھانے کی کوئی شے نہیں تھی سوائے آپ ﷺ کے چھوڑے ہوئے تھوڑے سے جو کے جن میں سے میں کھاتی رہی یہاں تک کہ کافی وقت گزر گیا اور یہ ختم نہیں ہوتے تھے لیکن ایک مرتبہ میں نے انہیں ماپا تو وہ ختم ہو گئے۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ کاش کہ میں انہیں نہ ماپتی (تو وہ جَو کبھی بھی ختم نہ ہوتے)۔''

اس حدیث کو امام احمد نے روایت کیا ہے۔

١٣/٢٤٦. عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ أَنَّ أَبَا مُوْسَی رضی الله عنه كَانَ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ فَصَلَّى الْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى رَكْعَةً أَوْتَرَ بِهَا فَقَرَأَ فِيْهَا بِمِائَةِ آيَةٍ مِنَ النِّسَاءِ ثُمَّ قَالَ: مَا أَلَوْتُ أَنْ أَضَعَ قَدَمَيَّ حَيْثُ وَضَعَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ قَدَمَيْهِ وَأَنَا أَقْرَأُ بِمَا قَرَأَ بِهِ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَأَحْمَدُ.

١٣: أخرجه النسائي في السنن، كتاب: قيام الليل وتطوع النهار، باب: القراءة في الوتر، ٣/٢٤٣، الرقم: ١٧٢٨، وفي السنن الكبرى، ١/٤٤٦، الرقم: ١٤٢٤، وأحمد بن حنبل في المسند، ٤/٤١٩، الرقم: ١٩٧٧٥، والطيالسي في المسند، ١/٦٩، الرقم: ٥١٢، والبيهقي في السنن الكبرى، ٣/٢٥، الرقم: ٤٥٦٦، والمقريزي في مختصر كتاب الوتر، ١/٩٤۔

’’حضرت ابو مجلز رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان عشاء کے وقت دو رکعت نماز پڑھی پھر وہ کھڑے ہوئے اور انہوں نے نماز وتر ادا کی جس میں سورہ نساء کی سو (۱۰۰) آیات تلاوت کیں اور پھر فرمایا: میں نے (حصولِ برکت کے لئے) اپنی پوری پوری کوشش کی ہے کہ میرے قدم وہیں پڑیں جہاں حضور نبی اکرم ﷺ کے قدم مبارک پڑتے تھے اور میں انہی آیات کی تلاوت کروں جن کی حضور نبی اکرم ﷺ نے (اس مقام پر) تلاوت فرمائی تھی۔‘‘

اس حدیث کو امام نسائی اور احمد نے رویت کیا ہے۔

١٤/٢٤٧. عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ يَأْخُذُ بِحَلَقَةِ بَابِ الْجَنَّةِ فَأُقَعْقِعُهَا قَالَ أَنَسٌ رضی اللہ عنہ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى يَدِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ يُحَرِّكُهَا وَصَفَ لَنَا سُفْيَانُ كَذَا وَجَمَعَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ أَصَابِعَهُ وَحَرَّكَهَا قَالَ: وَقَالَ لَهُ ثَابِتٌ: مَسَسْتَ يَدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ بِيَدِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَأَعْطِنِيْهَا أُقَبِّلْهَا. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَأَحْمَدُ وَالْبُخَارِيُّ فِي الْأَدَبِ.

’’حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں ہی وہ پہلا شخص ہوں جو سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹائے گا (یعنی میرے لئے ہی سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھولا جائے گا)۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے (یہ حدیث بیان کرتے

١٤-١٥: أخرجه الدارمي في السنن، المقدمة، باب: ما أعطي النبي ﷺ من الفضل، ١/ ٤٠، الرقم: ٥٠، وأحمد بن حنبل في المسند، ٣/ ١١١، الرقم: ١٢١١٥، والبخاري في الأدب المفرد، ١/ ٣٣٨، الرقم: ٩٧٤، وأبو يعلى في المسند، ٦/ ٢١٢، الرقم: ٣٤٩٣، والبيهقي في شعب الإيمان، ٢/ ٢٢٩، الرقم: ١٦٠٥، والقرشي في الإخوان، ١/ ١٩٧، الرقم: ١٤٦، والمقدسي في أطراف الغرائب والأفراد، ٢/ ٤٧، الرقم: ٧٢٢۔

ہوئے) فرمایا: گویا میں (اب بھی تصور میں) رسول اللہ ﷺ کو اپنا دستِ مبارک حرکت دیتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ (راوی بیان کرتے ہیں) ہمیں سفیان نے اسی طریقے سے اشارہ کرکے بیان کیا اور حضرت ابوعبد اللہ نے بھی اپنی انگلیاں جمع کیں اور انہیں (اسی طرح) حرکت دی۔ اور راوی کہتے ہیں کہ حضرت ثابت نے ان سے (یعنی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے) عرض کیا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کے دستِ اقدس کو اپنے ہاتھ سے مَس کیا تھا؟ انہوں نے فرمایا: ہاں۔ تو حضرت ثابت رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: پھر مجھے اپنا ہاتھ دکھائیں تاکہ میں (بطور تبرک) اس ہاتھ کا بوسہ لے سکوں (جس ہاتھ سے دستِ مصطفیٰ ﷺ مَس ہوا ہے)۔"

اس حدیث کو امام دارمی، احمد اور بخاری نے الأدب المفرد میں روایت کیا ہے۔

۱۵/۲۴۸. وفي رواية: عَنْ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيِّ رضي الله عنه قَالَ: حَدَّثَتْنِي جَمِيْلَةُ رضي الله عنها مَوْلَاةُ أَنَسٍ رضي الله عنه قَالَ الْأَنْصَارِيُّ: وَقَدْ رَأَيْتُ جَمِيْلَةَ قَالَتْ: كَانَ ثَابِتٌ إِذَا جَاءَ قَالَ أَنَسٌ رضي الله عنه: يَا جَمِيْلَةُ، نَاوِلِيْنِي طِيْبًا أَمَسُّ بِهِ يَدِي فَإِنَّ ابْنَ أُمِّ ثَابِتٍ لَا يَرْضَى بِشَيْءٍ حَتَّى يُقَبِّلَ يَدِي وَيَقُوْلُ: قَدْ مَسَسْتَ يَدَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ وَأَبُوْ يَعْلَى.

"اور ایک روایت میں حضرت عبد اللہ انصاری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھ سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی کنیز حضرت اُمّ جمیلہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا جن کی زیارت کا شرف مجھے حاصل ہوا انہوں نے فرمایا کہ جب حضرت ثابت، حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوتے تو حضرت انس رضی اللہ عنہ مجھ سے فرماتے: اے اُمّ جمیلہ! لاؤ مجھے خوشبو دو تاکہ میں اسے اپنے ہاتھ پر مل لوں کیونکہ اُمّ ثابت کا بیٹا میرا ہاتھ چومے بغیر خوش نہیں ہوگا (اور میرے منع کرنے پر) کہتا ہے کہ بے شک آپ نے اس ہاتھ سے رسول اللہ ﷺ کے دستِ

اقدس کو مَس کیا تھا (تو میں اس متبرک ہاتھ کو کیوں نہ چوموں)۔‘‘

اس حدیث کو امام بیہقی اور ابو یعلی نے روایت کیا ہے۔

۲۴۹/۱۶. عَنْ حَيَّانَ أَبِي النَّضْرِ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ رضي الله عنه عَلَى أَبِي الْأَسْوَدِ الْجَرَشِيِّ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ وَجَلَسَ قَالَ: فَأَخَذَ أَبُو الْأَسْوَدِ يَمِيْنَ وَاثِلَةَ رضي الله عنه فَمَسَحَ بِهَا عَلَى عَيْنَيْهِ وَوَجْهَهُ لِبَيْعَتِهِ بِهَا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ حِبَّانَ وَالطَّبَرَانِيُّ وَأَبُوْ نُعَيْمٍ، وَقَالَ الْهَيْثَمِيَّ: رِجَالُ أَحْمَدَ ثِقَاتٌ.

’’حضرت حیان ابو نضر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں (رسول اللہ ﷺ کے صحابی) حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت ابو الاسود الجرشی کے پاس ان کی مرض وفات میں (عیادت کے لئے) گیا۔ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ نے انہیں سلام کیا اور بیٹھ گئے۔

۱۶-۱۷: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ۳/۴۹۱، الرقم: ۱۶۰۵۹، وابن حبان في الصحيح، ۲/۴۰۷، الرقم: ۶۴۱، والبيهقي في شعب الإيمان، ۲/۶، الرقم: ۱۰۰۶، والطبراني في المعجم الأوسط، ۸/۵۶، الرقم: ۷۹۵۱، وفي المعجم الكبير، ۲۲/۸۹، الرقم: ۲۱۵، وفي مسند الشاميين، ۲/۲۲۶، ۳۸۴، الرقم: ۱۲۳۵، ۱۵۴۶، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ۹/۳۰۶، وابن تمام الرازي في الفوائد، ۱/۸۰، الرقم: ۱۸۲، وابن أبي الدنيا في المحتضرين، ۱/۳۱، الرقم: ۱۶، والبيهقي في الأربعون الصغرى، ۱/۱۷۵، الرقم: ۱۲۴، وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق، ۱۵/۳۷۳، ۶۵/۱۱۴-۱۱۶، والمنذري في الترغيب والترهيب، ۴/۱۳۶، الرقم: ۵۱۳۰، والهيثمي في مجمع الزوائد، ۲/۳۱۸-

راوی کہتے ہیں کہ ابو الاسود نے حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ کا دایاں ہاتھ پکڑا اور اسے (بطور تبرک) اپنی آنکھوں اور چہرے پر پھیرا کیونکہ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ نے اس ہاتھ سے رسول اللہ ﷺ کے دستِ اقدس پر بیعت کی تھی (اور اس سے مَس کیا تھا)۔‘‘

اس حدیث کو امام احمد، ابن حبان، طبرانی اور ابونعیم نے روایت کیا ہے۔ امام ہیثمی نے فرمایا کہ اس کے رجال ثقہ ہیں۔

١٧/٢٥٠. وفي رواية عنه: فَقُلْتُ: إِنَّ هَذَا وَاثِلَةُ بْنُ الْأَسْقَعِ رضی اللہ عنہ أَخُوْکَ قَالَ: فَأَبْقَی اللهُ مِنْ عَقْلِهِ أَنْ سَمِعَ أَنَّ وَاثِلَةَ رضی اللہ عنہ قَدْ جَاءَ فَمَدَّ يَدَهُ فَجَعَلَ يَلْتَمِسُ بِهَا فَعَلِمْتُ مَا يُرِيْدُ فَأَخَذْتُ کَفَّ وَاثِلَةَ رضی اللہ عنہ فَجَعَلْتُهَا فِي کَفِّهِ وَإِنَّمَا أَرَادَ أَنْ يَضَعَ يَدَهُ فِي يَدِ وَاثِلَةَ رضی اللہ عنہ ذٰلِکَ لِمَوْضِعِ يَدِ وَاثِلَةَ مِنْ يَدِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ وَجَعَلَ يَضَعُهَا مَرَّةً عَلَی صَدْرِهِ (وفي رواية: وَمَرَّةً عَلَی فُؤَادِهِ) وَمَرَّةً عَلَی وَجْهِهِ وَمَرَّةً عَلَی فِيْهِ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ.

’’ایک اور روایت میں حضرت حیان ابو نضر ہی بیان کرتے ہیں کہ میں نے ان سے کہا: یہ تمہارے بھائی حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ ان کی عقل کو سلامت رکھے کہ انہوں نے جب یہ سنا کہ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ آئے تو انہوں نے اپنا ہاتھ پھیلایا اور حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ کے دستِ اقدس کو مَس کرنا شروع کر دیا تو میں سمجھ گیا کہ وہ کیا چاہتے ہیں تب میں نے حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور اسے ان کے ہاتھ میں دے دیا اور اس عمل سے ان کا صرف یہی ارادہ کیا تھا کہ وہ اپنا ہاتھ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں اس جگہ رکھیں جہاں حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ رسول اللہ ﷺ کے دستِ اقدس میں رکھا تھا اور وہ ان کے اس ہاتھ کو کبھی (حصولِ برکت کے لئے) اپنے سینے پر رکھتے (اور ایک روایت میں ہے: اور کبھی اپنے دل پر رکھتے) اور کبھی اپنے چہرے پر ملتے اور کبھی

اپنے منہ پر ملتے۔'' اس حدیث کو امام بیہقی نے روایت کیا ہے۔

١٨/٢٥١. عَنْ ثَابِتٍ قَالَ: كُنْتُ إِذَا أَتَيْتُ أَنَسًا رضي الله عنه ..... فَآخُذُ بِيَدَيْهِ فَأُقَبِّلُهُمَا وَأَقُوْلُ: بِأَبِي هَاتَيْنِ الْيَدَيْنِ اللَّتَيْنِ مَسَّتَا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ وَأُقَبِّلُ عَيْنَيْهِ وَأَقُوْلُ: بِأَبِي هَاتَيْنِ الْعَيْنَيْنِ اللَّتَيْنِ رَأَتَا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ.

رَوَاهُ أَبُوْ يَعْلَى وَرِجَالُهُ رِجَالُ الصَّحِيْحِ.

''حضرت ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے بیان کیا کہ جب کبھی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوتا ..... تو ان کے دونوں دستِ مبارک (فرطِ محبت وعقیدت سے) اپنے ہاتھوں میں تھام لیتا اور انہیں بار بار چومتا اور عرض کرتا: میرے باپ کی قسم! یہ دونوں وہ مبارک ہاتھ ہیں کہ جنہیں رسول اللہ ﷺ کے (جسدِ اقدس کو) چھونے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ اور میں ان کی دونوں آنکھیں چوم کر عرض کرتا: میرے باپ کی قسم! یہ وہ خوش بخت آنکھیں ہیں جنہیں (جاگتے ہوئے) رسولِ خدا ﷺ کی زیارت کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔''

اس حدیث کو امام ابو یعلی نے روایت کیا ہے اور اس کے رجال صحیح حدیث کے رجال ہیں۔

١٩/٢٥٢. عَنْ أَبِي وَائِلٍ أَنَّ عَلِيًّا رضي الله عنه أَوْصَى أَنْ يُجْعَلَ فِي حَنُوْطِهِ

١٨: أخرجه أبو يعلى في المسند، ٦/٢١١، الرقم: ٣٤٩١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٩/٣٢٥۔

١٩-٢١: أخرجه ابن أبي شيبة في المصنف، ٢/٤٦١، الرقم: ١١٠٣٦، وابن المنذر في الأوسط، ٢/٢٩٥، الرقم: ٨٩١، وأبو نعيم في حلية الأولياء، ٩/١٨٣، والعسقلاني في الإصابة، ١/١٢٧، وفي تلخيص الحبير، ٢/١٠٧، الرقم: ٧٤٢، والعيني في عمدة القاري، ٨/٤١۔

مِسْکٌ وَقَالَ: هُوَ فَضْلُ حَنُوْطِ النَّبِيِّ ﷺ .

رَوَاهُ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ الْمُنْذِرِ.

’’حضرت ابو وائل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وصیت فرمائی کہ میری (میت کو لگانے والی) خوشبوؤں میں کستوری کو شامل کیا جائے (جو ان کے پاس محفوظ تھی) اور فرمایا کہ یہ کستوری وہ خوشبو تھی جو حضور نبی اکرم ﷺ کو وصال مبارک کے وقت لگائی جانے والی خوشبوؤں میں سے بچ گئی تھی (جسے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بطورِ تبرک اپنے لئے سنبھال رکھا تھا)۔‘‘ اس حدیث کو امام ابن ابی شیبہ اور ابن منذر نے روایت کیا ہے۔

٢٠/٢٥٣. وذکر العسقلاني في ’’الإصابة‘‘: عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ لِي أَنَسٌ رضی اللہ عنہ: هَذِهِ شَعَرَةٌ مِنْ شَعَرِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَضَعْهَا تَحْتَ لِسَانِي قَالَ: فَوَضَعْتُهَا تَحْتَ لِسَانِهِ، فَدُفِنَ وَهِيَ تَحْتَ لِسَانِهِ.

’’امام عسقلانیؒ نے الاصابۃ میں بیان کیا کہ حضرت ثابت بنانی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: انہیں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے (اپنی وفات کے وقت) فرمایا: یہ حضور نبی اکرم ﷺ کے موئے مبارک میں سے ایک بال مبارک ہے۔ (میری وفات کے بعد) تم اسے میری زبان کے نیچے رکھ دینا۔ حضرت ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ (ان کے وصال کے بعد) میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کا وہ موئے مبارک حضرت انس رضی اللہ عنہ (کی وصیت کے مطابق ان) کی زبان کے نیچے رکھ دیا اور انہیں اس حال میں دفنایا گیا کہ وہ موئے مبارک ان کی زبان کے نیچے تھا۔‘‘

٢١/٢٥٤. وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَحْمَدِ بْنِ حَنْبَلَ رحمة الله عليه قَالَ: رَأَيْتُ أَبِي آخِذًا شَعْرَةً مِنْ شَعَرِ النَّبِيِّ ﷺ فَيَضَعُهَا عَلَى فِيْهِ يُقَبِّلُهَا وَأَحْسِبُ

أَنِّي رَأَيْتُهُ يَضَعُهَا عَلَى عَيْنَيْهِ وَيُغْمِسُهَا فِي الْمَاءِ ثُمَّ يَشْرَبُهُ ثُمَّ يَسْتَشْفِي بِهَا وَرَأَيْتُهُ قَدْ أَخَذَ قَصْعَةً لِلنَّبِيِّ ﷺ فَغَسَلَهَا فِي جُبِّ الْمَاءِ ثُمَّ شَرِبَ فِيْهَا وَرَأَيْتُهُ غَيْرَ مَرَّةٍ يَشْرَبُ مَاءَ زَمْزَمَ يَسْتَشْفِي بِهِ وَيَمْسَحُ بِهِ يَدَيْهِ وَوَجْهَهُ. رَوَاهُ أَبُوْ نُعَيْمٍ.

